The project is funded by:

# 香港中文大學 雅禮中國語文研習所
# ییل - چائنا چائینیز لینگویج سینٹر

## دا چائینیز یونیورسٹی آف ہانگ کانگ

## چینی (کینٹونیز) زبان میں فاؤنڈیشن سرٹیفیکیٹ پروگرام، اُن افراد کیلیے جو چائنیز نہیں بول سکتے

## (ایلیمینٹری I اور II /انٹرمیڈیٹ I اور II)

کوالیفیکیشن رجسٹر رجسٹریشن نمبر: QF level = 2  19/001311/L2

یہ پروجیکٹ لینگویج فنڈ کے خرچے اور سکولر کے تعاون سے کیا گیا ہے

ابتدائی مرحلے میں چینی زبان (کینٹونیز) سننا اور بولنا سیکھنا

یہ پروگرام 80 گھنٹے کا ہے اسکی 2000 ہانگ کانگ ڈالر فیس ہے جس میں سے 1700 واپس ملیں گے

سوموار تا جمعہ کی شام اور ہفتے کے دن کی اختیاری کلاسز

کلاس رومز مناسب فاصلے پر واقع ہیں (ڈاؤن ٹاؤن یا یونیورسٹی MTR اسٹیشن کے قریب)

## ہمارے بارے میں

**ییل-چائنا مرکز برائے چینی زبان، دی چائینیز یونیورسٹی آف ہانگ کانگ**

چینی زبان بحیثیت دوسری زبان کے پڑھانے کے 60 سالہ تجربے کے ساتھ، سی ایل سی CLC کینٹونیز اور پوتونگواہ (مندرین) زبانوں کی بحیثیت ثانوی زبان تربیت فراہم کرتا ہے۔

## درخواست دہندہ کی اہلیت

درخواست گزار چینی زبان کے علاوہ دوسری زبان بولنے سے تعلق رکھتا ہو جبکہ ہانگ کانگ کا رہائشی ہو جس نے گریڈ 11 کے برابر تعلیم حاصل کر رکھی ہو، اور ابھی کسی قسم کے کل وقتی پروگرام میں اندراج نہ کروایا ہو ۔

### رقم واپسی کی اہلیت

طلباء کو کورس فیس کی 85 فیصد رقم واپس مل سکتی ہے اگر :

- پڑھائی کی ابتدا سے پہلےدرخواست دی ہو اور سکولر پروگرام نے انکی درخواست قبول کر کے تصدیق بھی کردی ہو؛
- پڑھائی کے مخصوص اجزا مکمل کرنے ہوں گے جیسا کہ جز نمبر( **CP2101 و CP2102** ) یا جز ( **CP2103 و CP2104** )
- پڑھائی 'پاس' کی ہوئی ہو یا ہر جزو میں کم از کام %80 فیصد حاضری ہو۔

### درخواست کیسے دیں؟

- درخواست گزار کو چاہیے کہ ایپلی کیشن نوٹس کو غور سے پڑھ کر دستخط کریں۔
- سکولر کے تعاون سےجاری فاؤنڈیشن کورس پروگرام کے لیے مخصوص آن لائن ایپلیکیشن فارم بھریں۔ پروگرام کی درخواست تبھی عمل میں آئے گی جب تمام کاغذات پورے ہوں بشمول ہانگ کانگ کا ویزہ،ہانگ کانگ کا پکا شناختی کارڈ جیسی معلومات اور تعلیمی ثبوت۔
- پروگرام کی تسلی بخش تکمیل کے بعد فیس کی رقم طلباء کو واپس ادا کر دی جائے گی، سال 2021 تا 23 کے لیے پروگرام کی فیس 2000 ہزار ہانگ کانگ ڈالر ہے،جبکہ سکولر قابل واپسی فیس جو کہ پروگرام مکمل ہونے پر ملے گی وہ 1700 ہانگ کانگ ڈالر ہے۔اس طرح طلباء کو سالانہ 300 ڈالر بھرنے ہونگے۔

## پڑھائی کا پروگرام

# فاؤنڈیشن سرٹیفکیٹ پروگرام چینی (کینٹونیز) زبان میں ،ان افراد کیلیے ہے جو چائنیز نہیں بول سکتے

*QF level = 2  19/001311/L2*:: کوالیفیکیشن رجسٹر رجسٹریشن نمبر

**پروگرام کی تفصیلات**

یہ پروگرام کینٹونیز بولنے کی ابتدا کرنے والے ان افراد کیلیے ہے جو چائنیز نہیں بول سکتے، اسکا بنیادی مقصد بولنے اور سننے کی سمجھ بوجھ لانا، روزمرہ استعمال کیلیے مفید الفاظ کی مہارت پیدا کرنا، روزانہ کی بات چیت اور اسکی بیشمار مثالیں،کینٹونیز آوازوں کا اتار چڑھاؤ اور اسکی رومنائزیشن سکھائی جا ئے گی، اسکے ساتھ روایتی چائینیز اور انگریزی الفاظ شامل کیے جائیں گے۔ طلباء کو ہفتے میں کم از کم 4 چار گھنٹے دہرائی کرنی ہوگی تاکہ بہتر نتائج حاصل کیے جاسکیں۔

## پروگرام سیکھنے سے متوقع نتائج :

### ایلیمنٹری I اورII  (CP2101 اور CP2102)

سادہ سوالات پوچھنے اور جواب دینے کے قابل ہونا ،کم از کم مطلب کی بات سمجھاسکنا اور ایک حد تک اپنی ضرورت کی بات کرنے کی اہلیت۔

بولنے، سننے اورسیکھنے کے متوقع نتائج:

- روزمرہ کی گفتگو میں مخصوص الفاظ کو سمجھنا اور بولنا ، اور جملے کے اندر گرائمر کی علامات کو سمجھنے کے قابل ہونا۔
- روزانہ کی بول چال میں استعمال ہونے والے مخصوص الفاظ اور گرائمر کے نقاط کو جملے میں استعمال کرنے کی صلاحیت اور انکا مناسب استعمال۔

### انٹرمیڈیٹ I اور II (CP2103 اور CP2104)

متوقع موضوعات پر سادہ بات چیت کرنا، آسان سوال و جواب کے ذریعے معلومات کا حصول، بذریعہ پڑھائی حاصل کیے گئے مواد کو ذاتی فائدے کے لیے استعمال کر نا آسان اور ذاتی و سماجی ضروریات و مطلب کی بات پورا کرنے کی اہلیت۔

بولنا اورسننا ،سیکھنے کے متوقع نتائج :

- روزمرہ کی گفتگو میں مخصوص الفاظ کی سمجھ بُوجھ اور ادائیگی کی اہلیت، اور جملے میں موجود گرائمر کے نقاط کو سمجھنے کے قابل ہونا
- روزمرہ کی گفتگو میں مخصوص الفاظ اور گرائمر کے نقاط کو جملے کے اندر مناسب طریقے سے استعمال کرنے کے قابل ہونا ۔

(منصوبہ A)

| | | |
|---|---|---|
| 40 | کینٹونیز لہجے کی آوازوں اور انکے اتار چڑھاؤ کا تعارف۔<br>موضوعات:سلام دعا، سکول میں بات چیت، وقت و تاریخ، خریداری کا دن | **جزو نمبر 1 (CP2101)<br>ایلمینٹری کینٹونیز I** |
| 40 | جملے کی بناوٹ پر غور، کینٹونیز لہجے کی آوازیں اور اُنکا اُتار چڑھاؤ،<br>موضوعات :پسندیدہ مشاغل پر بات چیت، پتہ اور مقامات سمجھانا، خاندان کا تعارف، ہانگ کانگ کی سیر، دفتر میں کام۔ | **جزو نمبر 2 (CP2102)<br>ایلمینٹری کینٹونیز II** |
| 80 | (رابطے کےکُل گھنٹے) | |

(منصوبہ B)

| | | |
|---|---|---|
| 40 | جملے کی بناوٹ پر غور، کینٹونیز لہجے کی آوازیں اور اُنکا اُتار چڑھاؤ۔<br>موضوعات : باہر کھانا کھانا ، لوگوں کے بارے میں بتانا ،مزہ کرنا، خریداری کرنا، ڈاکٹر سے ملاقات ۔ | **جزو نمبر 1 (CP2103)<br>انٹرمیڈیٹ کینٹونیز 1** |
| 40 | جملے کی بناوٹ پر غور، کینٹونیز لہجے کی آوازیں اور اُنکا اُتار چڑھاؤ،<br>موضوعات : میڈیا یعنی ذرائع ابلاغ پر گفتگو ، کام کے دوران کی زندگی ،ملک سے باہر کا سفر ، نئے گھر میں منتقل ہونا، بچپن کی باتیں ۔ | **جزو نمبر 2 (CP2104)<br>انٹرمیڈیٹ کینٹونیز 1I** |
| 80 | (رابطے کےکُل گھنٹے) | |

## سکولر(SCOLAR) پروگرام سے رقم واپسی کی شرائط

- پڑھائی کی ابتدا سے پہلےدرخواست کا عمل مکمل ہونا چاہیے اور **سکولر** پروگرام کی طرف سے درخواست قبول اور اسکی تصدیق ہونی چاہیے ۔
- پڑھائی کے مخصوص جز مکمل کیے ہوں جیسا کہ جز نمبر ( CP2101 و CP2102 ) یا جز نمبر ( CP2104 و CP2103 )، اسکے علاوہ کوئی دوسرا جزو قبول نہیں کیا جا ئے گا، وہ طلباء جنہوں نے اس میں سے صرف ایک جزو مکمل کیا ہو یا اپنی پڑھائی جزو (CP2102) یا (CP2104) سے شروع کی ہو وہ رقم واپسی کے اہل نہ ہونگے۔
- پڑھائی کا ہر جزو 'پاس' کیا ہو **یا** کم از کم 80 فیصد حاضری مکمل ہو۔
- طلباء کو تجویز کردہ دوسرا جزو ایک مخصوص تاریخ و شیڈول کے اندر اختیار کیا ہو اور ستمبر 2023 تک مکمل کیا ہو، کورس تبدیلی کی درخواست تبھی قابل قبول ہوگی اگر دیگر کورسز میں جگہ موجود ہو۔

## سِی یُو ایچ کے (CUHK) کا انعام جیتنے کی شرائط:

- ہر جزو / کورس میں تسلی بخش تشخیص ، **اور**
- ہر جزو /کورس میں کم از کم ٪70 فیصد حاضری ۔

## ہم سے رابطے کے لیے معلومات:

CES, Yale-China Chinese Language Centre, The Chinese University of Hong Kong

G/F, Fong Shu Chuen Building, CUHK, Shatin, NT

(852)3943-6727 clc@cuhk.edu.hk